# 05-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔حکومت حیدرآباد کے بعد ورنگل کو اہمیت دے رہی ہے۔ ورنگل ایر پورٹ کیلئے دسمبر کے اختتام تک حصولِ اراضیات کا کام مکمل کرتے ہوئے آنے والے مارچ تک ایرپورٹ کے کاموں کا آغاز کیا جائیگا۔

۲۔ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ سیول کے امیدواروں کوانٹرویو کو موثر طریقہ سے دینے کیلئے حکومت کے ایک سینئر بیوروکریٹ کے ذریعہ بورڈ کو قائم کرے گی۔

۳۔ ریاستی وزیر سریدھر بابو نے کہا کہ حکومت بیرونی یونیورسٹیوں کو ریاست کو لانے کیلئے اقدامات کررہی ہے۔

اور

۴۔ ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ حکومت ہر مستحق خاندان کو اندراماں مکانات فراہم کرے گی۔

Ponguleti Srinivasa Reddy

ریاستی وزیر پی سرینواس نے سکریٹریٹ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں کانگریس کے اقتدار میں آنے کے بعد حکومت غریبوں کی ترقی اور فلاح و بہبود کیلئے کئی ایک پروگراموں کو روبہ عمل لارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت ہر مستحق خاندان کو اندراماں مکانات فراہم کرے گی۔انہوں نے کہا کہ تین سالوں میں شہری علاقوں میں بھی اندراماں مکانات کی منظوری دی جائے گی۔جی پلس تری، جی پلس فور طریقہ کار کے ذریعہ مکانات کی تعمیر کی جائے گی۔فی الوقت ریاست میں تین لاکھ 82 ہزار مکانات زیر تعمیر ہیں۔ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے ہلٹ پالیسی پر بی آر ایس قائدین کی جانب سے لگائے جانے والے الزامات کو مسترد کردیا۔

## Tour Arrangement

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کل نلگنڈہ ضلع کے دیور کنڈہ کا دورہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس موقع پر وزیر اعلیٰ مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ آج انہوں نے وزیر اعلیٰ کے دورہ کے پیش نظر ہیلی پیاڈ اور جلسہ گاہ کا انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ ترقی کے میدان میں پیچھے رہنے والے دیور کنڈہ کو گود لینے کیلئے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے مطالبہ کیا جائے گا۔

## Flag Day

آرمیڈ فورسز فلیگ ڈے کے ضمن میں سائنک ویلفیر کے قائدین نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے آج ملاقات کی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے فلیگ ڈے کے یوم کے ضمن میں ایک لاکھ روپے کا عطیہ دیا اور اس موقع پر بولڈ اینڈ بیرو کتاب کا رسم اجرائی بھی انجام دیا۔

## Abhaya hastham

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ راجیو گاندھی سیول ابھیہ استم اسکیم کے ذریعہ سیول سرویس مین انٹرویو کیلئے منتخب ہونے والے تمام امیدواروں کو ایک لاکھ روپے کی امداد دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سیول امیدواروں سے مشورہ حاصل کرتے ہوئے اِس اسکیم کو مزید مستحکم بنایا جائے گا۔ پرجا بھون میں یو پی ایس سی انٹرویو کیلئے پچاس امیدواروں کو نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کل چکس تقسیم کئے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ انٹرویو کو موثر طریقہ سے دینے کیلئے حکومت کے ایک سینئر بیوروکریٹ کے ذریعہ بورڈ کو قائم کیا جائے گا۔

Polling

ریاست میں اس مہینہ کی گیارہ تاریخ کو منعقد ہونے والے گرام پنچایت کے پہلے مرحلہ میں 395 سرپنچ بلامقابلہ منتخب ہوئے ہیں۔ان انتخابات میں سرپنچ وارڈ امیدواروں کیلئے جملہ 81 ہزار 20 لوگ انتخابی میدان میں ہیں۔4236 گرام پنچایتوں میں پہلے مرحلہ میں پولنگ ہوگی۔395 گرام پنچایتوں میں سرپنچ بلامقابلہ منتخب ہوئے ہیں۔8 ہزار 95 افراد پرچہ نامزدگیوں کو واپس لے چکے ہیں جبکہ پانچ گرام پنچایتوں میں پرچہ نامزدگیوں کا ادخال نہیں ہوا ہے۔بقیہ 3 ہزار 836 گاؤں میں سرپنچ کے عہدوں کے لئے 13 ہزار 127 امیدوار مقابلہ کررہے ہیں۔149 وارڈوں میں پرچہ نامزدگیوں کا ادخال نہیں ہوا ہے۔ 9 ہزار 331 وارڈوں میں بلامقابلہ انتخاب ہوا ہے۔ وارڈ امیدواروں میں 9 ہزار 626 امیدوار اپنے پرچہ نامزدگیوں کو واپس لے لیا ہے جبکہ بقیہ وارڈوں میں مقابلہ کیلئے 67 ہزار 893 امیدوار مقابلہ میں ہیں۔

Osmania University

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ عثمانیہ یونیورسٹی کی ترقی کیلئے حکومت کتنا بھی فنڈ ہو جاری کرنے کے لئے تیار ہے۔ ترقیاتی کاموں کیلئے انہوں نے طلبہ اور اساتذہ کے مشورہ حاصل کرنے پر زور دیا۔آج انہوں نے اپنی قیام گاہ پر ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اس اجلاس میں عہدیداروں نے پاؤر پوائنٹ پرزنٹیشن کو پیش کیا۔اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ترقیاتی کاموں کے سلسلہ میں کئی ایک تبدیلیوں کو پیش کیا اور وزیراعلیٰ نے کہا کہ اب تک موجود آبی وسائل کی حفاظت کرتے ہوئے نئے آبی وسائل کے قیام کیلئے دستیاب مواقعوں کا جائزہ لینے پر زور دیا۔انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ طلبہ اور عملہ کو مستقبل میں کوئی خطرہ ہوئے بغیر تعمیراتی کاموں کو انجام دینے کی ہدایت دی۔

ATC

ریاست میں نئے منظور شدہ 52 گورنمنٹ آئی ٹی آئی اڈوانسڈ ٹکنالوجی سنٹر اے ٹی سی کے طور پر حکومت ترقی دے دی۔ پہلے مرحلہ میں 65 آئی ٹی آئی اور دوسرے مرحلہ میں ملا کر جملہ 117 اے ٹی سی سنٹر طلبہ کیلئے دستیاب ہوں گے۔ اس کو ٹاٹا ٹکنالوجیز لمیٹڈ کے اشتراک سے ریاستی حکومت ترقی دینے کے اقدامات کررہی ہے۔ اس ضمن میں گلوبل سمٹ میں ٹی ٹی ایل سے تلنگانہ کے محکمہ لیبر دوسرے مرحلہ میں ایک معاہدہ کرنے جارہی ہے۔ پہلے مرحلہ میں آغاز کئے گئے اے ٹی سی سنٹر اب دستیاب ہیں۔

World Soil Day

راجنا سرسلہ ضلع ویملواڑہ رورل منڈل زرعی عہدیدار وِنیتا نے کہا کہ کسان زمین کو ہونے والے نقصانات کو کم کرتے ہوئے زمین کی حفاظت کرنے کی ضرورت ہے۔ ورلڈ سوائل ڈے کے موقع پر ایک پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر انہوں نے کسانوں کو اس کا مشورہ دیا۔

Sound Byte. Vineeta

Soil Day

آج ورلڈ سوائل ڈے منایا جارہا ہے۔ اس کا اہم مقصد مٹی کی حفاظت حیاتیاتی تنوع، غذائی تحفظ کیلئے عوام میں شعور بیدار کرنا اس کا مقصد ہے۔ اقوام متحدہ کے غذائی ادارہ ایف اے او اس کی حوصلہ افزائی کررہی ہے۔ 2014ء میں اقوام متحدہ نے اس کا آغاز کیا ہے۔

Governor Jishnu dev varma

آرمیڈ فورسز فلیگ ڈے کے ضمن مین ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے آج آرمی فورسز فلیگ فنڈ کیلئے اپنا عطیہ دیا۔

RBI

ہندوستانی ریزروبینک آربی آئی نے شرح سود کو 25 بیس پوائنٹ کم کیا جس کے ذریعہ ریپوریٹ پانچ اعشاریہ دو پانچ فیصد تک کم ہوا۔اس ضمن میں آربی آئی گورنر سنجے ملہوترا نے پالیسی فیصلوں کا اعلان کیا۔

Weather

ریاست میں درجہ حرارت میں کمی آئی ہے۔صبح اوررات کے اوقات میں سردیوں میں اضافہ ہوچکا ہے۔ آئندہ دوتین دنوں تک درجہ حرارت معمول سے دوتا تین ڈگری کم ہونے کا امکان ہے۔ریاست کے محکمہ موسمیات نے ان باتوں کا انکشاف کیا۔

CM

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج متحدہ ضلع ورنگل کے نرسم پیٹ میں 58 کروڑ 84 لاکھ روپیوں کی لاگت سے کئے جانے والے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت حیدرآباد کے بعد ورنگل کو اہمیت دے رہی ہے۔ ورنگل ایرپورٹ کیلئے دسمبر کے اختتام تک حصولِ اراضیات کا کام مکمل کرتے ہوئے آنے والے مارچ تک ایرپورٹ کے کاموں کا آغاز کیا جائے گا۔ ورنگل انڈرگراؤنڈ ڈرینج کے کاموں آؤٹر رنگ روڈ کے کاموں کا افتتاح بھی کیا جائے گا۔اِس موقع پر وزیراعلیٰ نے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں دھان کی پیدوار میں تلنگانہ ریاست کو اہم مقام حاصل ہوا ہے۔حکومت کسانوں کی ترقی کیلئے رعیّتو بھروسہ، رعیّتو بیمہ اور باریک چاول کیلئے بونس فراہم کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ آنے والے مالیاتی سال میں نرسم پیٹ اسمبلی حلقہ کی ترقی کیلئے تین ہزار پانچ سو اندراماں مکانات کی منظوری دینے کا بھی تیقن دیا۔

Sound Byte CM Revanth Reddy

دوسو کروڑ روپیوں کی لاگت سے ینگ انڈیا اینٹی گریٹیڈ ریسیڈنشیل اسکول کی عمارت کی تعمیر اور 130 کروڑ روپیوں کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے گورنمنٹ میڈیکل کالج کے علاوہ دیگر ترقیاتی کاموں کا وزیراعلیٰ نے سنگ بنیاد رکھا۔

AI Excellence Centre

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے کہا کہ حکومت بیرونی یونیورسٹیوں کو ریاست کو لانے کیلئے اقدامات کررہی ہے۔آسٹریلیا سے تعلق رکھنے والے ڈِی کین یونیورسٹی کے اشتراک سے ریاست میں مصنوعی ذہانت سے متعلق سنٹرآف ایکسلنس کے قیام کیلئے آج ایک معاہدہ کیا گیا۔آسٹریلیا بین الاقوامی کے وزیر تعلیم کے ساتھ سکریٹریٹ میں انہوں نے ایک میڈیا کانفرنس منعقد کی ۔اس موقع پر انہوں نے معاہدہ کے تفصیلات سے میڈیا کو واقف کروایا۔انہوں نے کہا کہ فیوچرسٹی میں قائم کئے جانے والے اے آئی یونیورسٹی سنٹرل آف ایکسلنس کو قائم کیا جائے گا۔ اب تک ملازمت کرنے والے پیشہ وارانہ ماہرین ہمارے ملک میں اعلیٰ سطح کی تربیت فراہم کرنے کے لئے آسٹریلیا نے منظور کرلیا۔